Reg. No. ....................................

Name : ......................................

**SY 13**

**March 2019**

Time : 2 ½ Hours
Cool-off time : 15 Minutes

Part–II

# URDU

Maximum : 80 Scores

***General Instructions to Candidates :***

- There is a 'Cool-off time' of 15 minutes in addition to the writing time.
- Use the 'Cool-off time' to get familiar with questions and to plan your answers.
- Read questions carefully before answering.
- Read the instructions carefully.
- Calculations, figures and graphs should be shown in the answer sheet itself.
- Give equations wherever necessary.
- Electronic devices except non-programmable calculators are not allowed in the Examination Hall.

**1 سے 4 تک کے تمام سوالوں کے جواب لکھیے۔** **(Scores : 4 × 1 = 4)**

1. اردو میں شاعرِ مشرق کے نام سے کون مشہور ہے ؟

2. رباعی کا دوسرا نام لکھیے۔

3. اردو میں گیان پیٹھ ایوارڈ یافتہ کی ایک ادیب کا نام لکھیے۔

4. اردو کے کسی ایک سفرنامہ نگار کا نام لکھیے۔

**5 سے 9 تک کے تمام سوالوں کے جواب لکھیے۔** **(Scores : 5 × 2 = 10)**

5. پسندیدہ کسی دو افسانہ نگاروں کے نام لکھیے۔

6. آپ نے مرزا غالبؔ کے بہت سارے اشعار پڑھے ہوں گے۔ پسندیدہ کوئی ایک شعر لکھیے۔

7. اردو کے کسی دو اہم غزل گو شعرا کے نام لکھیے۔

8. علاّمہ اقبالؔ کے کسی دو پسندیدہ شعری مجموعوں کے نام لکھیے۔

9. اردو کے کسی دو اخباروں کے نام لکھیے۔

**10 سے 12 تک کے سوالوں میں سے کسی 2 کے جواب کم سے کم تین جملوں میں لکھیے۔**

**(Scores : 2 × 3 = 6)**

10. نیچے دیے گئے جملوں میں سے فعل، فاعل اور مفعول الگ الگ کر کے لکھیے :

سیتا نے آم کھایا۔

سلیم نے کہانی لکھی۔

11. رباعی کی تین خصوصیات لکھیے۔

12. ذیل کے جملوں کو زمانۂ مستقبل میں بدل کر لکھیے :

میں گھر جاتا ہوں۔

اکبر گھر جاتا ہے۔

بچے گھر جاتے ہیں۔

**13 سے 20 تک کے سوالوں میں سے کسی 7 کے جواب کم سے کم چار جملوں میں لکھیے۔**

**(Scores : 7 × 4 = 28)**

13. نیچے دیے گیے کسی ایک شعر کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے :

تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا
ترے سامنے آسماں اور بھی ہے

**یا**

اگر کھو گیا اک نشیمن تو کیا غم
مقاماتِ آہ و فغاں اور بھی ہیں

14. ہیلن کیلّر نے اپنی زندگی کے ذریعہ ہمیں کیا پیغام دیا ہے ؟ چند جملوں میں جواب لکھیے۔

15. فلم 'مغلِ اعظم' میں آپ کا پسندیدہ کردار کون ہے ؟ کیوں ؟ چند نکات لکھیے۔

16. غزل اردو شاعری کی آبرو ہے۔ غزل کے بارے میں ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

17. منظرنامہ 'مرزا غالبؔ' میں آپ کا پسندیدہ کردار کون ہے ؟ کیوں ؟

18. دلّی ہندوستان کی راجدھانی ہے اور بہت بڑا شہر بھی۔ دلّی کے بارے میں آپ کے خیالات واضح کیجیے۔

19. فرض کیجیے کہ آپ ایک چینل (Channel) کے رپورٹر ہیں۔ آپ کو ایک غزل گلوکار کو انٹرویو کرنے کا موقع ملے تو آپ ان سے کیا کیا سوالات کریں گے ؟

20. ''شفقت کی گود میں بہت آرام سے پلا''
ماں کی عظمت کے بارے میں اپنے خیالات واضح کیجیے۔

**21 سے 24 تک کے سوالوں میں سے کسی 3 کے جواب کم سے کم چھ جملوں میں لکھیے۔**

**(Scores : 3 × 6 = 18)**

21. بوڑھے لوگوں کے مسائل پر ایک تقریر کرنے کا موقع ملے تو آپ کیا کیا بتائیں گے ؟ ایک نوٹ تیار کیجیے۔

22. آپ نے کئی سفر کیے ہوں گے۔ پسندیدہ کسی ایک سفر کا تجربہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

23. مرزا غالبؔ کہتے ہیں کہ ''اردو اس ملک کی زبان ہے، یہاں کے عوام کی زبان۔'' اردو زبان کے بارے میں ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

24. ذیل کی رباعی کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے :

مٹی سے بنا ہے، دل کو تو سنگ نہ کر
ہر بات پہ معترض نہ ہو، جنگ نہ کر
منظور اگر ہے جا دلوں میں اے دوست
بہتر ہے کہ دشمن کو بھی دل تنگ نہ کر

**25 سے 27 تک کے سوالوں میں سے کسی 2 کے جواب کم سے کم سات جملوں میں لکھیے۔**

**(Scores : 2 × 7 = 14)**

25. ''دلّی میں سائیکل رکشا شہر کے صرف پرانے علاقے میں چلتے ہیں۔'' دلّی کے رکشا والوں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟ ایک نوٹ تیار کیجیے۔

26. فلم 'مغلِ اعظم' کی کہانی مختصر طور پر لکھیے۔

27. افسانہ 'بوڑھی کاکی' میں آپ کے پسندیدہ کرداروں کے نام لکھیے۔ اور کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیے۔